جلد اوّل

کلیات حلم

قلمی

جلد اوّل

کلیّات حلم

مرتبہ بسنہ ۱۳۲۰ ہجری ماہ شعبان تاریخ ۲۷ بمقام لکھیم پور ضلع کھیری

مجموعہ کلام اردو فارسی و عربی

سید محمد ہارون حلم

غازیپوری

زنگی پوری

سنہ ۱۳ ہجری

سلام

غم سرور میں جو مصروف بکا ہوتا ہے — خلد میں اوسکے لئے قصر بنا ہوتا ہے

قطرۂ اشک غم شہ میں جو آنکھوں سے گرے — پیش خالق وہ در بیش بہا ہوتا ہے

جب لگا تیر سہ پہلو تو کہا سرور نے — تجھپہ یارب مرا اصغر بھی فدا ہوتا ہے

شب عاشورہ حضرت نے کہا رفیقوں سے کہا — دیکھیں کل صبح کو اس دشت میں کیا ہوتا ہے

جسکو منظور ہو جانا وہ چلا جائے ابھی — جان غیروں کے لئے دینا برا ہوتا ہے

مرنیوالوں نے کہا آپ پہ جانیں ہیں فدا — حق میں ہم بندوں کے ارشاد [illegible] ہوتا ہے

سینۂ شہ پہ جو بیٹھا شمر تو زینب نے کہا — ہائے بھائی عرا مذبوح قفا [illegible]

دی یہ اکبر نے صدا دوڑیئے بابا جلدی — زین سے اب آپکا فرزند جدا [illegible]

اشقیا لیگئے سجاد کو پیدل تا شام — [illegible] بیمار پہ [illegible] ظلم بھلا [illegible]

جسطرح مارا ہے شہ کو جو مصیبت میں گھرے — کوئی کم ایسا گرفتار بلا ہوتا ہے

رو کے زینب نے کہا جلد خبر لو بابا — ظلم شبیر پہ اے شیر خدا ہوتا ہے

~~لگی قاسم کو جو تلوار تو بولی اجل — قتل صد حیف [illegible] کل کا بیاہ ہوتا ہے~~

کہا زینب سے یہ شہ نے کہ بہن صبر کرو — مٹ نہیں سکتا جو قسمت کا لکھا ہوتا ہے

نہیں ملتا ہے

سارا گھر بار رہ حق مین لٹایا شہ نے — ایسا بھی خلق مین کم وعدہ وفا ہوتا ہے

~~کہا عباس نے رخصت ہمین دیجے سرور — عہدہ اب جنگ مین اے شاہ ادا ہوتا ہے~~

دیکھی ازرق نے جو لاش پسر اُنکی ہوئی خون — کیونکہ فرزند کا بھی داغ برا ہوتا ہے

مار کر ازرق ملعون کو بولے قاسم — کبر ای کافر بے دین برا ہوتا ہے

جبکہ مرتا ہے ثنا خوان حسین ابن علی — عوض کوثر کا اوسے جام عطا ہوتا ہے

جلد اب ناظم کو روضہ پہ بلالو حضرت — دیر ہوتی ہے تو دم ہمین خفا ہوتا ہے

سلام ۲ نسخہ ۱۳۹

بیان وصف حیدر جز پیمبر ہو نہیں سکتا — جو اس دریا مین ڈوبا پھر وہ جانبر ہو نہیں سکتا

کہاں ابن زیاد دون کہاں شبیر کا رتبہ — سما کے مرتبہ مین بوم و شب پر ہو نہیں سکتا

وہ پر نور افشاں و روضہ کو روندان حضرت — کبھی جگنے کا برابر نور اختر ہو نہیں سکتا

ذرون سے رتبہ اشک غم شہ دونا بالا ہے — برابر اسکی صنو کے کوئی گوہر ہو نہیں سکتا

~~سکندر شہ کا دعوی تھا کہ ہون ترد و صبا دو کہے یاد مجھ سے جو ہوا اور ہو نہیں سکتا~~

~~اگر پاؤن اشارہ فلک کی سیر کر آؤن — جہان مین اب کوئی مجھسا لگا وہ ہو نہیں سکتا~~

کہا تو نے بغیر از مرگ کچھ چارہ نہین مجکو — خلاف حکم حق اے میری خواہر ہو نہیں سکتا

رضا مانگی وغا کی جبکہ اکبر نے تو شہ بولے
تمھیں مرنے کی دوں رخصت یہ دلبر ہو نہیں سکتا

وغا عباس کی دیکھی تو کہتے تھے ملک باہم
کوئی ساونت اس سے لڑکے سربر ہو نہیں سکتا

کہا حر نے عمر سے مجکو بہکاتا ہے ای کافر
لڑوں سبط نبی سے ای ستمگر ہو نہیں سکتا

ہوا گھر فاطمہ کا دوپہر میں ہو گیا خالی
کسی کا گھر کبھی اسطرح ابتر ہو نہیں سکتا

ہوئی درخواست بیعت کی تو بولے شہ عمر سے یوں
کبھی مجھ سے یہ فعل اے طامع زر ہو نہیں سکتا

ندا حیدر کی آئی جب لڑے عباس اعدا سے
کہ تجھسا اب جہاں میں کوئی صفدر ہو نہیں سکتا

وہ تیغ حیدر کرار تھی بے مثل برتر ہیں
کوئی جر دو دو تھیرے اوسکے ہمسر ہو نہیں سکتا

سر نیزہ دکھائے معجزے شبیر نے کتنے
کسی سے یہ ابجز سبط پیمبر ہو نہیں سکتا

جو ... عابد کہتے تھے ہر دم
کوئی ہمسا بھی مظلوم اور مضطر ہو نہیں سکتا

بیعائیں ہیں ... سجاد ... پر راہ کوفہ میں
پھر جائیں کسی جا ... ہو نہیں سکتا

ہوئے جو ظلم شہ پر حلم دست جو اعدا سے
کبھی حصر اونکا جز خلاق داور ہو نہیں سکتا

سلام ۳ سنہ ۱۳۰۹

نصر

پار اصغر کے گلے سے جبکہ پیکان ہو گیا
مجرئی بیتاب قلب شاہ ذیشان ہو گیا

ہوئی سلامی قتل جب فخر سلیمان ہو گیا
چاک اس غم سے پیمبر کا گریبان ہو گیا

بین کرتی تھی یہ زہرا کربلا کے دشت میں — ظلم اعدا سے مرا بابا بے گھر ہو گیا

شاہ بولے شمر سے پانی پلا کر ذبح کر — سخت دل کیوں اتنا اے بیدین ایماں ہو گیا

~~بولے زینب کے پسر یوں شمر سے وقت جدال — آ یہاں کیوں بیچیا رنسے گریزاں ہو گیا~~

جب چلی عباس کی شمشیر براں فوج پر — ہر سیہ رو اوٹ میں ڈھالوں کی پنہاں ہو گیا

یوں بسا خوشبوے جسم شاہ دیں سے سر بسر — نیستان کربلا رشک گلستاں ہو گیا

یوں [illegible] ہوا اسپ حسین ابن علی — لشکر اعدا سے نکلا گاہ پنہاں ہو گیا

تھا [illegible] ہوئے ہو نہیں مرکب شاہ خیبر گیر کا — پست رتبے سے مرے تخت سلیماں ہو گیا

یوں لگی شمشیر قاسم ازرق بیدین پر — خوف سے زیر زمیں رستم بھی پنہاں ہو گیا

کیا [illegible] ضربت کیا شجاعت حیدر کرار کی — زد پہ جو آیا نہ شمشیر براں ہو گیا

یوں رجز [illegible] نے پڑھا وقت وغا — مہر بر لب خوف سے ہر اک سخنداں ہو گیا

بعد قتل سبط احمد بھی ظلم ہوئے شدید — چھن گئے کپڑے بدن کے جسم عریاں ہو گیا

گر پڑے شہ دل پکڑ کر خاک پر با صد الم — جب کہ اکبر سا پسر [illegible] بیجاں ہو گیا

اس قدر روئے غم سرور میں سجاد حزیں — جب لکھا [illegible] ہو گیا

جسگھڑی دیکھا سر شہ نے بند ہفتے زینب کے [illegible] بہن کو دیکھ نالاں ہو گیا

اے فلک جو تھا امام کل ولی ابن ولی — اوسکا گھر اسطرح سے برباد و ویران ہو گیا

حلم نہیں ہے تجھکو تو خوف نار دوزخ کچھ نہیں — حشر میں برا معین اگر شاہ ولیشان ہو گیا

سلام ۱۳۰۵ سنہ

سلامی روز غم شہ میں کہ یہ روز مصیبت ہے — حسین ابن علی پر کربلا میں سخت آفت ہے

علی و فاطمہ نکلے ہیں مرقد سے جو دیکھو — ملائک میں فغان و آہ سے برپا قیامت ہے

تڑپتے ہیں عطش سے ہر طرف اطفال حضرت کے — وہ ہے محتاج پانی کو جو دریائے سخاوت ہے

کہا اکبر نے یوں وقت وغا فوج مخالف سے — فزوں رستم سے بھی زیر فلک میری شجاعت ہے

گریزاں میں ہمارے ڈر سے شیران نیستان تک — ملا سکتے نہیں آنکھیں کبھی وہ میری ہیبت ہے

خیال آئے یہاں جانک کا وہاں اک داغ رہ جاتا ہے — یہ اسپ اکبر غازی میں نرمی و نزاکت ہے

کہا سرور نے حر سے یہاں تو مر جو ساتھ آئے — تجھے حاصل جناں میں بھی ہماری ہی رفاقت ہے

~~کہا شہ نے نہ سمجھو مجھکو مجبور اے عدوے دیں — ہمارے ہاتھ میں سارے جہاں کی بادشاہت ہے~~

نہیں ڈر مجھکو تیر و نیزہ و شمشیر سے ہرگز — خدا کی راہ میں میرے بدن کو سب راحت ہے

جو میں دو دن سے پیاسا ہوں تو ہمیں مصلحت کچھ ہے — طلب پانی کی تم سے ایک فقط اتمام حجت ہے

کہا عابد نے پیدل تا بکوفہ کسطرح جاؤں — چلا جاتا نہیں اک گام ضعف و نقاہت ہے

نہ اوٹھیگا

زانو پہ تھا اگرچہ طوق اور زنجیر کا لنگر — سہتے تھے شب بھر سب کہ بابا کی وصیت ہے
...کوفہ میں غل تھا دیکھو آل پیمبر کو — وہ کلثوم اور زینب دختر خاتون جنت ہے
یہ ... بانو وہ رباب اور یہ سکینہ وہ رقیہ ہے — وہ عابد ہے جو پہنے طوق کو با صد اذیت ہے
ثنائے آل میں مصروف رہنا حلم لازم ہے — نہ من بیکار یہ محنت کہ یہ بھی آل عبادت ہے

سلام سنہ ۱۳۰۹ھ

سا اک ... تسلیم و رضا کوئی نہیں — جز حسین بن علی وعدہ وفا کوئی نہیں
وعدہ بچپن کا جو تھا حق سے ادا اوسکو کیا — صادق الوعد بھی ایسا بخدا کوئی نہیں
روز عاشور ہوئے قتل بہتر رفقا — تا دم عصر رہا شہ کے سوا کوئی نہیں
کہتے تھے سید سجاد غم سرور میں — غیر فریاد و بکا میری دوا کوئی نہیں
سینہ شہ پہ چڑھا شمر قیامت دیکھو — زیر چرخ ایسا بھی بے شرم و حیا کوئی نہیں
شہ نے اصغر کو بھی قربان خدا کر ڈالا — ایسا صابر بھی زمانے میں ہوا کوئی نہیں
~~شمر کہتا تھا جو شہ بیعت ظالم سے پھرے — قتل کرنے کے سوا انکی سزا کوئی نہیں~~
بولے شبیر ستاتے ہیں یہ ناحق مجھکو — میری تقصیر تو اے بار خدا کوئی نہیں
آئی ہاتف کی ندا صبر کرو اے شبیر — تم سے رتبہ میں سوا پیش خدا کوئی نہیں

کہا سجاد سے شہ نے کہ ستم سہ لینا   ای پسر چارہ بجز صبر و رضا کوئی نہیں
قیدیوں کو وہ ملا خانہ تاریک و سیاہ   مار و کژدم کے سوا جس میں رہا کوئی نہیں
سر سے تا پا تجھے لگے جسم میں شہ کے ناوک   زخم سے عضو بدن ہائے بچا کوئی نہیں
کہتی تھی فاطمہ صغرا بہ فراق شہ میں   غیر دیدار پدر میری دوا کوئی نہیں
آجکل محو فغاں فاطمہ و احمد ہیں   کام حیدر کو بھی جز آہ و بکا کوئی نہیں
حلم دوزخ سے بچا لینگے تجھے بے شبہ   غیر از پنجتن پاک میرا کوئی نہیں

تخمیس سنہ ۱۳۰۹

برق جولاں ہے فرس شاہنشہ دیں جاہ کا   تیر پیکاں ہے اشارہ چشم حق آگاہ کا
تیر ہے مثل سناں مد الف بسم اللہ کا   سیف براں ہے رجز سبط رسول اللہ کا
شیر بسمل ہو سنے نعرہ جو بسم اللہ کا

کیا کسی کا ڈر اسے جو ہو ولی اللہ کا   رعب جا بیٹھا ہے سمت کا یہ کھیلا عالی ماہ کا
شیر کو کیا خوف ہو مجمع اگر روباہ کا   مصحف ناطق کو کیا ڈر کوئی بدخواہ کا
نیزہ خطی ہے کافی مد بسم اللہ کا

ہے ہمیشہ خوار جو دشمن ہے میرے شاہ کا۔ خوب ہے اموا و سیہ گر نازل غضب اللہ کا

مدح حضرت کی جو کی دل جل گیا گمراہ کا ۔ ذکر جب چھیڑا سر منبر شہ ذیجاہ کا
جل گیا حاسد یہ آرہ سین بسم اللہ کا

رہنما ہے حیدر کرار حق کی راہ کا ۔ ہے بعین احمد مرسل ولی اللہ کا
واہ کیا رتبہ ہے سلطان سلیمان جاہ کا ۔ حق ثنا خوان ہے علی صفدر ذیجاہ کا
جانتا ہے وہ جو قاری ہے کلام اللہ کا

حضرت جبریل بندہ ہے تری درگاہ کا ۔ تو ہی ہادی ہے زمانہ میں ہر اک گمراہ کا
تجکو حاصل ہے شرف سب قربت اللہ کا ۔ اوج موسی کو ہوا ایسا نہ روح اللہ کا
عرش اعظم پایہ ہے مولا تری درگاہ کا

ہے بپا غم خلق میں سبط رسول اللہ کا ۔ ماتمی کپڑا ہے بر میں ہر محب شاہ کا
روتے ہیں سب حال سنکر فاطمہ کے ماہ کا ۔ بزم ماتم میں خیال آئے جو قتل شاہ کا
سینہ گردوں ہدف بنجائیگا تیر آہ کا

کیا سخی تھا واہ بیٹا حیدر ذیجاہ کا ۔ تھا فقط منظور قرب اللہ کی درگاہ کا
جب قریب آیا بہت وقت شہادت شاہ کا ۔ معجزہ ہی یہ قول تھا خیر الوری کے ماہ کا
میں ہوں بے سر پر بھلا ہووے خلق اللہ کا

شاہ دیں نے کربلا میں آکے وہ ایذا سہی ۔ ایسی جسکو انکھوں نے دیکھی اور نہ کانوں نے سنی

پر خوشا ہمت خوشا صبر حسین ابن علی   شمر کو حضرت نے وقت ذبح بھی نفرین نہ کی
خیر خواہ خلق کب دشمن ہوا بدخواہ کا

فاطمہ زہرا یہ چلاتی تھی دیکھو یا نبی   شمر نے رکھ دی مرے بچے کی گردن پر چھری
یاد حق میں محو تھے حضرت خبر بالکل نہ تھی   ضرب اول تیغ کی جب شہ کی گردن پر چلی
چونک کر نعرہ کیا سید نے بسم اللہ کا

واہ کیا تھی بُرش تیغ شہنشاہ زمن   کب بیاں ہو وصف اوسکا جیسا کھینچے ذوالمنن
ہو اگر شمشیر تیز ایسی تو ایسا تیغ زن   عکس تیغ شہ سے یوں کٹتے تھے اعدا کے بدن
چاک کرتا ہے کتاں جس طرح جلوہ ماہ کا

جسم خاکی سے مرے جسدم نکلجائیگا دم   اور لیجائینگے میری روح کو سوئے عدم
پیشوائی کو مری آئینگے رضوان سب بہم   باغ جنت میں ہوا کیطرح جا پہونچینگے ہم
تھام کر داماں ولی اپنے خضر راہ کا

دشمن آل نبی جاتے تھے سب سوئے کنشت   دین حق کھوئے ہوئے تھے وہ شقی بدسرشت
مرتد ہون کیا تھی اچھی اونکی قسمت کی نوشت   شہ کے یاور اپنی جانیں دیکے لیتے تھے بہشت
ہیچ ہے سودا بہت مشکل خدا کی راہ کا

فوج اعدا کے بدن سے سر گرانے دیجئے ہٹ یہ تھی ہر دم ہمیں خوں میں نہانے دیجئے
کہتے تھے عون و محمد رن میں جانے دیجئے سینہ پر تیغ و سناں تن تن کے کھانے دیجئے
ناموس جب تملو ایماں ہے جنگاہ کا

فاطمہ زہرا کی آنکھوں میں تھا سب عالم سیاہ قتل ہونا تھا جو رن میں سبط احمد بیگناہ
حر کو آتی تھی صدا جا جلد سوئے فوج شاہ تیر اندازی پہ آمادہ تھی یاں ساری سپاہ
کام باطل کی طرف کیا مرد حق آگاہ کا

لی بہت شبیر نے اوس خبر پر آہ و بکا جبکہ [illegible] انیس شہید تیغ مہماں ہو گیا
خرم گیا جب حوض کوثر پر تو حیدر نے کہا خوش ہوئیں زہرا بہت اور شاد محبوب خدا
دیکھ یہ انجام ہے آل نبی کی چاہ کا

چند ساعت میں جناں میں میرے آتے ہیں قدم اے عبا حوروں سے کہدے ابو سب آمادہ ہم
یہ چلا ہوں ماں پہ جب علی سوئے عدم راستہ گو دور ہے لیکن نہیں کچھ مجکو غم
خانہ زاد شہ نہیں محتاج زاد راہ کا

بعد اوسکے آگئے ایام پیری یکقلم بچپنا گذرا جوانی نے رکھا سر پر قدم
دم ادھر نکلا اودھر طے ہو گئی راہ عدم بعد چندے موت نے اونچا کیا اپنا علم
کون مشکل ہے سفر اس منزل کوتاہ کا

چاک کرتی ہیں گریباں اپنے ہر ولی بیاں خیمہ آل عبا میں ہے بپا شور و فغاں
برچھیاں کھاتے چلا ہے رن میں اکبر سا جواں چشم سبط مصطفے سے اشک ہیں پیہم رواں
سامنا ہے شہ کو پیری میں غم جانکاہ کا

قصائد

بہار کی ہے جو فصل آئی کہیں ہے گل ہیں کہیں ہے بلبل
کہیں ہے ساغر چھلک رہے ہیں صراحیوں کی کہیں ہے قلقل

کسی جگہ شور مچ رہا ہے کہیں ہے مجمع ہے مہ وشوں کا
عجب ادا سے کسی جگہ پر ہے دوش پر گل کے زلف سنبل

ہوا سے اوڑ اوڑ کے جا رہی ہیں تمام سنبل کی شاخیں
عیاں ہے بہار دیکھنے سے کہ باغباں نے سنواری کاکل

کھلے ہر شاخ سبز گوں پر ہیں اطراف لالہ کی دشتی
شہ چمن نے ہیں پہنے گویا لباس رنگیں بصد تجمل

نہال استادہ صف بصف ہیں نیاز سے راستی قد پر
زبان قمری ہیں کہہ رہی ہیں کیسے ہے الحاقت تقابل

~~گلوں میں شبنم ہے یا کہ ساقی بھرے ... بلبل~~

. . . .

صدائے عنادل کی ہر طرف کو بلند ہے شاخسار گل پر
انہیں کی سرگوشیوں کے سننے سے ہو گئے گوش سامع اشتمل

سر چمن پر ابھی کھڑا تھا میں بلبلوں نے جو دیکھی صورت
رقیب اپنا مجھے وہ سمجھے بلند آکر پہ کیا غل

...ل جلوہ نکالا پانا اپنے قدم نہ ہرگز
ہماری حالت پہ رحم فرما کے آپ ہی ساحل ... گرا دیتے تھا

نگہباں کو ان کی سنتا گزشتہ میں دماغ میں تھا
لقا کا وعدہ بھی اونسے تھا کل ہوا ہے داخل ابھی تحمل

ٹہلتے پھرتے ہیں جا کے پہونچا جو وسط گلشن میں ایک دیکھی ہے
گلو میں شبنم سے یا کہ ساقی دھرے ہے ہاتھوں پہ ساغر بلبل

ولیک شوق لقا ہیں گس لگا ہے آنکھیں دریچہ پر
یہ ہو نہی ہم اوسکی غم سے جا لت کہ گویا ہو ہے تبلل

بس از تفکر کھلا یہ مجھ پر کہ آج نوروز کی خوشی ہے
یہ تونے سامان جو کچھ ہیں دیکھا اسی کی خاطر ہیں بالکل

ابھی اسی فکر میں کھڑا تھا کہ آئی آواز بارک اللہ
کہیں ہے یا لک میں بھی ہے فلک کے اوپر مبارکباد تہنیت کا غل

وصایت مرتضیٰ کا دن ہے خلافت مرتضیٰ کا دن ہے
جلالت مرتضیٰ کا دن ہے وہ مقتدا ہے بلا تامل

خدا نے مالک کیا ہے انکو تمام انس و جن و ملک کا | زمیں سے لے تا بعرش اعلیٰ سب انکے تابع ہیں جزو و کل
امیر کشور کشا وہی ہے شہنشہ انس و جاں وہی ہے | امام کون و مکاں وہی ہے وہی ہے مالک سوار دلدل
سخاوت انکی وہ تھی کہ سائل کو دی انگوٹھی رکوع میں | انھیں کے باعث سے تھا فقیر و یتیم و مغموم کا تکفل
یہ حامئ احمد کے مستحق ہیں یہ حافظ شرع و دین حق ہیں | نہ ہو ولا دل میں جسکے انکی خدا کا دشمن ہے بے تأمل
امام کیسے ہیں اسکو بتا جو کہ مثل خضر در گل و قتادہ | چراغ شرع محمدی کو وہ دین سے اپنے وہ لے ہیں گل
نجات مقصود حلم گر تو ہمیں زر حساب محشر | انھیں سے امید ملیں رکھنا انھیں کے دامن سے ہو توسل

کساد بازار علم

۱۳۱۹ ۱۹۰۲

جلوہ فرما تو کس سمت ہے اے بحر کرم | کس چمن میں ہیں ترے باد بہاری کے قدم
کسکی بزم کی رونق ہے ترا روئے حسین | کسکی محفل کو تری ذات نے بخشا ہے حشم
کس گل تر میں تو پوشیدہ ہوا بو ہو کر | کس چمن میں تو بنا باد صبا کا ہمدم
کس حریم صمدی کا تو بنا زاہد خشک | کون سے دیر میں معبود ہوا بن کے صنم
کسکے رخسارہ رنگیں پہ بنا غازۂ حسن | کسکی پیشانی نورپہ ہے اقبال رقم
آجکل کونسا کشور ہے ترے زیر نگیں | کس ولایت میں کھلے تیرے علم کے پرچم
کیا کسی بحر میں ہے رشک دہ دُرِ یتیم | یا کسی ابر میں ہے قطرۂ نیساں سے بہم
لعل بنکر شکم سنگ میں شاید ہے نہاں | یا کہ تاج سر افلاک بنے تیرے قدم
کون بتلائے کہ منزل ہے تری زیر زمیں | یا گیا سوے سماوات لگا کر سُلّم

ڈھونڈھ آیا تجھے ہر دشت و جبل میں لیکن نہ ملا ترا نشان اے صنم نیک شیم

چشم نرگس سے بھی گلزار میں پوچھا جاکر کہ کبھی تو بھی ہوئی اوس گل تر سے محرم

وہ تو خود مست ہے نازسے کیا اوسکو غرض کہ کھلا ہمسے غریبوں کو کیے لطف و نعم

کی غنا دل سے بھی اس باب میں اکثر تقریر اوٹھیں اپنے ہی گلوں سے نہیں فرصت اکدم

کی مگر باد صبا نے مری کچھ ہمدردی آئی آواز کہ اے شیفتہ ذرا باغمیں تھم

سایۂ نخل گل تر میں ذرا دم لیلے اب نہ کچھ فکر کر اے شیفتہ نہ کھا یار کا غم

کسکا طالب ہے تو اے خستہ تن و سوختہ دل یاد میں کس بت چینی کے ہیں یہ درد و الم

نام لیا اوس گل نوخیز کا ہے ہمکو بتا کسکے درد و غم فرقت نے کیے تجھپہ ستم

کب سے اوس گل کی جدائی میں گریبان پھاڑا دشت پیمائی یہ کس روز سے کھائی یہ قسم

عرض کی میں نے! وہ ہے عالم آرا جان جہان وہی محبوب ہے گل وہی یار و ہمدم

مجھے لیلا سے نہ مطلب ہے نہ سلما سے غرض یہی مقصد ہے کہ ملجائے وہ فخر عالم

سنکے یہ بات! کہا باد صبا نے خاموش پھر کہا کچھ جو دہن سے تو زباں ہوگی قلم

خام نغز ایسے بھی دنیا میں بہت کم ہونگے اب تلاش اوسکی جو ہو کیا ہو لب بحر عدم

قوم اسلام نے صد حیف کہ کچھ قدر نہ کی کھو دیا اپنا گھر ہاتھ سے! پھر کیسا غم

خواب غفلت میں پڑے اہل جہاں سوتے ہیں نہ کہیں دین ہے نہ اسلام نہ ایمان نہ دھرم

ہاں اگر فکر کسی میں ہے تو اس بات کی ہے   لائیں دس بیس کہیں سر کاٹ کے دینار و درم

علم تفسیر و حدیث اب نہیں پڑھتا کوئی   علم قرآن بھی دنیا سے اوٹھا ایکقلم

فقہ کس علم کو کہتے ہیں کسے سمجھ اسکا   کون بتلائے ہیں علم اصول محکم

ایکدن وہ تھا کہ ہر سمت سے آتی تھی صدا   هُوَ قاضٍ نا مفتیٍ و فلانٌ اعلم

قاضی جرخ بھی انگشت بدنداں ہوجائے   انکے آگے سر تسلیم کرے عجز سے خم

ایسے خوش لہجہ و خوشگو تھے کہ سبحان اللہ   جنکی تقریر کے آگے ہوا رسطو ابکم

کیا ہوئے اہل حدیث اور وہ اہل تفسیر   جنمیں ہر ایک تھا تاج سر نسل آدم

دور دوران فلک نے یہ بنادی حالت   کہ فنا ہوگئے جو اہل ہنر تھے کم کم

آہ کیا روز یہ آیا کہ جدہر کیجے نگاہ   جہل ہے چار و طرف صاحب شمشیر و علم

رحم کر رحم کہ اب ہمیں نہیں ضبط کی تاب   کب تلک اے ہر فلک ہم سے غرض ہو یہ ستم

ہاں اگر پھر نظر لطف الٰہی ہو جائے   سبز ہوں نخل تمنائے قلوب پرغم

داغ حسرت جو دلوں میں ہیں بنیں انجم و ماہ   قطرہ اشک بنیں چہرہ گل پر شبنم

اے کریم اپنے کرم سے ہمیں محروم نہ رکھ   ترے افضال و عنایات کے محتاج ہیں ہم

اپنے اسلام کی اسطرح حمایت فرما   کہ نہ دیں حاسدین پھر خار الم

اہل اسلام میں پھر جوش حمیت ہو نمود   جادۂ دیں سے نہ لغزش میں پڑیں انکے قدم

حلم ہمایہ کو اپنے کرم سے جام گلرنگ مے علم عطا کر پیہم

قصیدہ

سنہ ۱۳۱۷ ماہ رجب

آج پھر آئی ہے گلشن میں مرے فصل بہار   آج پھر ہیں جوش میں گل بلبلیں ہیں ہمکنار

تازہ و شاداب ہیں نخل گلستان جہاں   خود بخود کچھ رشک گلشن ہو رہے ہیں خارزار

ہر طرف کو کو کا غل ہے قمریوں میں سرو پر   نخل گل پر ہر طرف ہیں بلبلیں جی سے نثار

نکہت گل نے بھی وہ ڈالا ہے عالم پر اثر   بادہ نوشی کا نہیں باقی دماغوں میں خمار

دامن باد صبا ہر گل کو دیتا ہے ہوا   ہیں اشارے لو اٹھو! دیکھو ہے ابر اشکبار

سنبل تر نے بھی ہر سمت زلفیں سنواری ہر طرف   ہیں یہ امیدیں کہ اب ہونگے گلوں سے ہمکنار

ہے کہیں جوش مسرت اور کہیں جوش طرب   ہے کہیں گلبانگ قلقل مینا و ساغر کی پکار

طعنہ زن ہے سبکشوں کی بزم پر بزم چمن   سبزہ و بستان چمن شادی سے ہیں باغ و بہار

چہچہے ہیں کبک کے اک سمت صحرا میں بلند   اک طرف ہے دشت میں طاؤس زریں کی بہار

کچھ عجب صورت سے بدلا ہے گلوں نے اپنا رنگ   یعنی اب باد خزاں کا کچھ نہیں غم زینہار

اس طرح پھیلا دیا باد صبا نے ہر طرف   ہو رہے ہیں دشت و صحرا بوئے گل سے مشکبار

بوئے گل نے ہے وہ بخشی تر دماغی دہر کو   ہو گیا ہے مغز با کل نافہ مشک تتار

کیوں رہے پھر کوئی دل افسردہ غم کی فکر سے   جبکہ ہو باد بہاری خود دلوں کی غمگسار

پھر بخار ناری کے صدمے کا ہوا کیا دل پر اثر — درد خود جسم مسیحا بنکے ہو تیماردار

نرگس بیمار بھی گلشن میں گر غم سے حزیں — چشم بد دور اب تو کم صحت ہے از خمے نگار

کشت زار دل میں کی شاخ تمنا نے نمو — فیض ابر آذری پر ہوں ابھی سو جان سے نثار

دل کی امیدیں بر آئیں باب رحمت کھل گیا — حسرتیں جاتی رہیں سب کی دل نے ایکبار

مژدے کی صدا کے کان اب آشنا ہی نہیں — ہاں مگر ساقی کی جانب سے ہے کچھ دلمیں غبار

کیوں ہے ساقی ساغر بھر کے لا جام شراب — اور جلدی پیلے ساغر تا مری سر سے خمار

ہے ابھی باقی ابھی سیر چمن کرنی بہت — پھر پلادے ایک ساغر اور بھر کر دگار

باغ فرحت افزا کی ہے مجھے دلمیں فکر — جسکے ہر گوشہ سے جنت کی فضا ہے آشکار

ہر چمن پر ہے ہجوم رنگ سے اک حالت عیاں — کر رہی ہیں مارے خوشی کے بلبلیں جانیں نثار

بے سبب لالے کے دلمیں داغ کیوں ہونے لگا — ہے اسی گلشن کی فرقت میں ابھی تک داغدار

ہر روش پر اک بہار تازہ ہے ہر سو نمود — ہر گل تر میں ہے اک مستانہ حالت آشکار

خون ہوتا ہے عنادل کا گلوں کے رنگ کے قریب — داغ دل لیتا ہی کوئی گلچیں پہ لالہ زار

جو اڑا طائر ایکبار اوکھا چلی ہاتھ سے غزال — جو گلی جنگلی صدا آئی کہ لو آئی بہار

فرق کیا اب بیاں بیتی نظر آتا نہیں — ہے زمرد گوں زمیں کا رنگ یا ہے سبزہ زار

بند آنکھیں کرکے اک جانب ہے نرگس شرمگیں — باادب استادہ ہے اک سمت سرو جویبار

چاند میں گو نور ہے! مانا! مگر اس شہر میں   آبرو بڑھ جاتی ہے موتی کی جو آتا ایکبار

عارفوں کے دل سے بھی کچھ صاف ہے اس کی نہر   آب حیواں ہے! مگر اس کا ہر اک گھونٹ خوشگوار

جان کر آئینہ شب بھر چاند دن بھر آفتاب   دیکھتے ہیں اپنا منہ اس نہر میں بے اختیار

روح بالیدہ ہے جس کی سبزے وہ گلزار میں   جان آ جاتی تن بیجاں میں یہ دل سبزہ زار

آسماں تک اس کی خوشبو گر اگر بوئی گذر   مست ایسا ہو کہ گردش بھول جائے ایکبار

یوں کھلی ہیں صبحدم کلیاں ہر اک صبح کے   واہ شوق شیر میں جیسے دہاں شیر خوار

فیض ہا کی اثر ہے یہ تو پیلا سرخ تو   جس کی ہمت کی حقیقت ہے جہاں میں آشکار

عدل گستر داد رس کیواں حشم دارا شکوہ   آسماں جاہ و فلک دربار سکندر اقتدار

گو کہ گذرے ہیں زمانہ میں بڑے عالی ہمم   اس نگر ایسا نہیں دیکھا کسی نے زینہار

باذل و دریا نوال و بحر مواج سخا   مالک ملک عدالت والی ملک وقار

گر کہوں ان کو ستارہ ہند کا بیجا نہیں   ہے زمیں کی روشنی جس سمت دیکھو آشکار   خطاب

رشک انجم ہے انکے ذرہ ہائے خاک کر   آسماں جلے آستاں پر انکے کوچے پہ نثار

مرتبہ اعلیٰ ہے کون ایسا ہے دنیا میں کس   ہند میں سب میں انھیں کی خاک و افتخار

کون ہے اعظم والا ورا ایسا زیر آسماں   کتنے پایا یہ شرف یہ اوج اور یہ اقتدار   خطاب ۱۳

خاک ہے اونچا کہ سرا میں جس کے بنا ہے   سرمہ چشم فلک بنتا ہے اس در کا غبار

ہو کوئی سائل اگر اس در پہ آکر ملتجی — اس قدر بخشیں کہ ہو بس ایک دم میں مالدار

کون کر سکتا ہے اس سرکار کی مدح و ثنا — لال ہے اس در کی مدحت میں زبانِ خاکسار

ہے عطا کی انتظار ہر وقت اے ربِ کریم — تو ہی خالق ہے ہمارا تجھکو ہے سب اختیار

تا قیامت سایۂ سرکار عالی میں رہے — جتنے دشمن ہیں ہمیشہ وہ رہیں رسوا و خوار

دولت و اقبال و جاہ و شوکت و جود و حشم — ہمت و بندہ نوازی فیض و لطف و اقتدار

سب خدمت میں کمر بستہ رہیں حاضر مدام — نصرت و فتح و ظفر ہو ہم رکاب شہریار

اپنے دامانِ امان میں رکھ تو محفوظ انکی ذات — صرصرِ غم بھی نہ آئے سامنے اے کردگار

اے عطا تجکو صد افسوس تکلم تا ہو نصیب — غم نہ کر چمکا ہے تیرا بھی ستارہ ایک بار

قصیدہ مدحیہ امام صاحب الزمان ع

ہوش کر بیہوش! کر ضائع نہ یوں تو اپنے اوقات — ہے خردمند جو تسلیم کرے اچھی بات

ہے یہ ہنگامِ سحر نغمہ سرا ہیں طائر — تو بھی اٹھ خواب سے از بہرِ خدا بہرِ صلات

دیکھ کس حسن سے چلتی ہے نسیمِ سحری — کیا خوش آئندہ فضا دلکش ہیں شیریں نغمات

باد بہاری کہیں ناچیں طاؤس ہیں مست — کہیں طوطی کے ہیں اشجار پہ دلکش نغمات

مختلف ہوتے ہیں کرتے ہیں خدا کی تمجید — مختلف سب کے ترانے ہیں جدا سب کے لغات

تازگی گلشن میں ہیں کس درجہ صبا کے انفاس — گر پڑی ہو نہ اگر گل خشک پڑی تھی جو نبات

موسم باغ زمیں پہ جو کہیں اُنکا گذر — جھاڑ کر خاک اوٹھیں زیر کفن سے اموات
آمد صبح کا مژدہ جو صبا لائی تھی — ہو کے خوش سنکے یہ گل پا گئیں سنتے ہی ثبات
مختلف رنگ کے جو اونسے بھرا ہے گلشن — صنعت صانع یکتا کے ہیں ظاہر آیات
ہے کوئی سرخ کوئی زرد کوئی نارنجی — مختلف رائحہ و صورت و الوان و صفات
وسط گلشن میں کوئی ہے کوئی پائین چمن — اک عجب حسن و لطافت سے ہیں سب درجات
شاہد گل کے لئے خود افق مشرق سے — ساتھ لایا ہے فلک شانۂ نور و مرآت
لے لیا ہے کسی بلبل نے جو لب کا بوسہ — عرق شرم سے ڈوبے ہیں جبین و وجنات
جا بجا گوہر ہیں یہ شبنم کے نہیں ہیں قطرے — ظلمت شب میں پا انھیں ڈھونڈ کے آب حیات
اک طرف نغمہ پرداز ہیں مرغان چمن — اک طرف مروحہ جنباں ہیں سحر کے نسمات
کسی گلچیں نے کوئی پھول اگر توڑ لیا — شور اوٹھا ہے عنادل میں کہ یا للثارات
پاسداری میں گلوں کی ہے صبا خود مصروف — ہے یہ ڈر ہو نہ کوئی باعث تخلف عادات
شکر صد شکر گئی رات ہویدا ہوئی صبح — بعد الحمد کہ گذری شب غم کی ظلمات
شہ خاور افق شرق کے پاس آ پہنچا — آسماں پر وہ نمایاں ہوئی نوری رایات
آج کی صبح کچھ اس طرح کی ہے نورفشاں — کہ ستاروں سے چمکتے ہیں زمیں کے ذرات

شاخ

شاخ اشجار جھکی جاتی ہیں بہر تسلیم — پڑھتے جاتے ہیں عنادل بھی پڑا صلوات

کوئی استادہ ادب سے ہے لب جو خاموش — کوئی رکھے ہوئے ڈالی میں لگا کر ثمرات

ہے عجب وقت سعید اور مبارک ساعت — ہر وظیفہ پہ فدا جسکے زمان و ساعات

اسکی ہر آن میں ہے رحمت خالق کا نزول — اسکا ہر ثانیہ ہے مورد لطف و برکات

آج اوس خسرو عالم کی ولادت کا ہے دن — جسکے محکوم ہیں روز و شب و نور و ظلمات

جسکے باعث سے ہے افلاک و کواکب کو بقا — جسکے باعث سے زمین اور زمان کو ہے ثبات

فیض سے جسکے خجل بحر نوال منبع سحاب — نور سے جسکے خجل ماہ تو خورشید ہے مات

در سے بہتر کہیں جسکے در دندان کا خزف — لعل سے بیش بہا جسکی زمین کے ذرات

جسکے دادا پہ ہوئے ختم رسالت کے امور — جسکے دادا کے لیے خلق ہوئے موجودات

انکو معلوم ہیں اسرار و رموز عالم — انپہ ظاہر ہیں ہر اک کنہ حقائق کے نکات

انپہ روشن ہے جو کچھ پردہ دل میں ہے خفی — منکشف انپہ ہیں سب ارض و سما کے حالات

دیں اگر حکم تو آجائے فلک زیر زمین — اور بنیں سبع سماوات زمیں کے طبقات

سبع سیارہ افلاک ثوابت بنجائیں — جو کواکب ہیں ثابت وہ بنیں سیارات

جمع آفاق کی جانب جو ستارہ وہ ہیں — ایک بنجائیں سمٹ کر کبھی ساری جہات

سیر افلاک کا ہے آئے جو ارادہ دل میں — آسمان خشت کو اکدم بنائے مرقات

کھلے تم قبر پہ ٹھوکر جو قدم سے ماریں — جسم میں مردہ کے سو بار کرے آ جائے حیات

ہوں اگر عالم دنیا کے سب اشجار قلم — اور دریاؤں کے پانی کو کریں صرف دوات

نہ بنی آدم لکھیں اور جن ہوں محاسب اوسکے — پھر بھی خارج حد تحریر سے رہجائیں صفات

اے امام ابن امام ابن امام ابن امام — آپ ہیں اونکے خلف جو رضا جنکی ذوات

ہے اولی الامر وہی امر اطیعوا سے مراد — تم ہو وہ سرور کونین کے حکام و ولات

بے ولایت ائمہ دعوی نہیں خالق کی قسم — شاہد صدق ہیں قرآن کے اکثر آیات

آپکے جد ہیں علی قلعہ کش خیبر گیر — جنسے کعبہ سے گرائے صنم لات و منات

صاحب دین نبی حاکم ملک ایمان — بندۂ خالق کونین خداوند عبادت

آپکے نور سے پیدا ہوئے افلاک و زمیں — آپکے نور سے مخلوق ہیں حور و جنات

ہیں سبھی آپ کرم وجود و سخا آپکے ہاتھ — معدن فیض و عطا ہے بخدا آپکی ذات

آپکے فیض کو جسطرح سے لازم ہے ملاک — آپکے حب کو اوسیطرح سے لازم ہے نجات

کھلتے ہیں آپکے انفاس سے گلہائے امید — کھلتے ہیں آپکی انگشت سے قفل حاجات

حشر میں کون سنیگا مری حضرت کے سوا — میں ہوں اور آپکے دامان میں اور یہ سیئات

حلم کی ہے یہ دعا حق سے بحق مہدی ے — عفو زلات ہوں مغفور رہیں میرے عزات

سنہ ۱۳۱۶ ماہ شعبان در لاہور

۱۹ جمادی الثانیہ ۱۳۱۹ [illegible]

۵ قصیدہ عبرت خیز ناتمام

غافلا عالم دنیا میں بجائے مقام عبرت
عیش کا نام نہیں اسمیں ہے کوسوں راحت

بزم احباب جو دیکھی تو پریشان پائی
محفل عیش جو دیکھی تو سراسر وحشت

شمع محفل کو جو دیکھا تو خموشاں نکلی
ہاں مگر آنکھوں سے جاری تھے سرشک حسرت

ہار پھولوں کے گلے میں نہ کسی کے پایا
ہاں مگر داغ تھے سینہ پہ بو گل کی صورت

خال عارض پہ کسی کے تھے تو تبخالہ نما
زلف چہرے پہ ہے گویا شب غم کی ظلمت

صحبتیں عشق کی اسطرح نظر آتی ہیں
برگ اشجار کی جسطرح خزانیں حالت

نور سے عشق کے گھر خانہ دل خالی ہے
ہاں اگر ہے تو کچھ آزار وحسد میں الفت

سر شمشاد نہ قمری ہے نہ کوکو کی صدا
نہ چمن میں ہے کہیں گرم گلوں کی صحبت

نہ رہی گل کی طرف اب وہ نگاہ بلبل
عشق بلبل سے نہ وہ گل کے دلوں میں نخوت

چند تا پھول کھلے بھی ہیں تو مرجھائے ہوئے
چند جا میں بھی ملا دل تو سراسر کلفت

قطرے شبنم کے جو پڑ جاتے ہیں دو چار کبھی
ہاں پھر اوسوقت کچھ آجاتی ہے منھ پر رونق

لالہ تھے جام بکف باغ میں سائل کی طرح
ہے صدا بھر دو اسے تشنہ خدا کی رحمت

سر جھکائے ہوئے ہے سنبل تر اک جانب
زلف بھی آپ بنانے کی نہیں ہے عادت

اپنی آزادی پہ گو سرو کو تھا ناز بہت
لیکن اب اوسمیں بھی باقی نہیں تاب حرکت

بید مجنوں تھا جو یکتائے زمانہ غافل
لیکن اوسمیں بھی ہے زردی کی نہایت شدت

نہر میں بھی تھے تموج کہ الٰہی کیا ہو
حوض میں چشم پراز اشک پہ [illegible]

آنکھ نرگس کی اسی غم میں ہے بیمار مدام — یرقاں ہو گیا آنکھوں میں یہ پھیلی صفرت

ہوا سوسن کو بھی اس سے یرقان اسود — دیکھیے آئے خزاں پھر تو ہو کیسی حالت

روی گل لالہ صرصر ہوا ہے گلگون — خون اصلی کی تو پھیلی اسے ہے پھیکی رنگت

جس علم میں بھی اجمل اسی ہے خزاں — کر نہ منطق کا کہیں ذکر نہ بحث حکمت

نہ تصور کا تصور ہے نہ تصدیق کا ذکر — بر سر طاق ہے برہان کی سب لمیت

فلسفی بھول گئے سارے قیاس و تمثیل — منطقی کو نہیں اب یاد طریق حجت

صرف کی فکر میں صرفی کو مضاعف نہیں یاد — ضعف علت سے تو خود بخود گئی حالت

انفعال اب نہ ہیولے میں ہے باکل باقی — نہ تو صورت میں ہے اب فعل کی کوئی صورت

جو زمانے کے قدم پر تھے اور تھے قائم — ہو گئے مثبت امکان وہ بالخاصیت

مستقر مسئلہ در ہوا و ہنو بھی نہیں — شبہ ابن کمونہ کی ہوئی وہ شہرت

کوئی عالم کا حدوث اب نہیں کرتا ثابت — اس طرح پھیل گئی نیچری کی دہریت

بحث کرتا نہیں برہان تسلسل کوئی — سپر انداختہ تو سبھی ہے کہ اب کیا وقعت

کہیں سر سید احمد کے مقولہ پہ ہے زور — محسن الملک کے قولوں کی کہیں ہے جدت

کوئی واجب سبب خلقت کونین نہیں — کوئی معلول سے جاتا نہیں سوئے علت

کوئی گھر بیٹھ کے یہ کہتا ہے نہیں کوئی الہ — کونسی معنی پہ اطلاق ہوئی ہے وحدت

کوئی کہتا ہے کہ ہاں ہے تو مگر موجب ہے — فعل اور ترک پہ مطلق نہیں اسکو قدرت

کوئی کہتا ہے صفات اوسکے ہیں زائد بر ذات   خیر ہے نور سے اور فعل شر ہے ظلمت

یا کسی کو ہے اقانیم ثلثہ پہ جمود   کوئی کہتا ہے کہ عیسیٰ میں نہیں عبدیت

کوئی کہتا ہے کہ واللہ عزیر ابن اللہ   کوئی کہتا ہے انا اللہ اور رب العزت

کوئی کہتا ہے کہ بندہ نہیں مطلق مختار   اسمیں ایجاد افاعیل کی کب ہے قدرت

کوئی کہتا ہے کہ افلاک تو موجود نہیں   گرد سیارہ دل کے ہوئی ہے زمیں کو حرکت

کوئی کہتا ہے عطارد میں ہے اک خلق کثیر   مثل انسان کے انہیں بھی ہے ہر کیفیت

کوئی کہتا ہے فقط فعل میں سیارے کے   عالم کون میں ہوتے ہی جو پیدا خلقت

کوئی کہتا ہے ملائک کا نہیں کوئی وجود   کوئی کہتا ہے نہیں خلق میں نار و جنت

کوئی کہتا ہے کہ ارواح بشر فانی ہیں   کوئی کہتا ہے کہ ہیں لا یتناهی المدة

کوئی کہتا ہے سماوات میں ہے خرق محال   پھر تو معراج نبی پر نہیں کوئی حجت

کوئی کہتا ہے جو کچھ دہر میں ہوجاتا ہے   ہوتا آیا ہے یونہیں اور یہی ہے فطرت

یوں جہالت کا تعفن ہے جہاں میں پھیلا   کہ گل علم سے آتی نہیں بالکل نکہت

علم کے باغ کو اس طرح خزاں نے لوٹا   نہ تو سبزہ نہ کہیں لہک ہے نہ گلوں میں نزہت

مضمحل ہوگئے پھول اٹھے جو دو اک غنچے   باغ عالم میں چلی ایسی ہوائے نکبت

اہل علم اپنی کتابوں کو دئے زیر بغل   جاکے بیٹھے لب افسانہ تا ر عزلت

کس سے پوچھیں کہ مقول عشرہ ہیں کیا چیز   کس سے پوچھیں کہ ارادے ہے فلک کی حرکت

کون سمجھتا ہے مقولات عشر کے معنے — کون سمجھتا ہے کم و کیف کی کچھ ماہیت

کون سمجھتا ہے کہ ماہیت ہے عرض یا جوہر — تا کہ ان دونوں کے مطلق نہیں اشکال کہیں

کون سمجھتا ہے کہ معلول میں اشیا کی جہان — اور ہے واسطے معلول کے لازم علت

کون سمجھتا ہے کہ میں عبد خدا ہوں و بشر — غیر اللہ میں حاشا کہ نہیں معبودیت

کون سمجھتا ہے کہ منصور کا دعویٰ تھا غلط — کون سمجھتا ہے کہ الحق یہ وہ تھا بدعت

ہاں مگر تھا کوئی ایسا بھی زمان عشرت — جمع احباب تھے اور علم کی تھی صحبت

تھا ہر اک باصفت و ذی رتبہ و بے مثل عدیل — تھا ہر اک ذی ہنر و عالم علم حکمت

جسکے ہر لفظ سے سو معنی پنہاں پیدا — جسکے ہر حرف سے پیدا تھے ہزاروں نکتہ

بحث کبھی بحث اصول کبھی منطق میں کلام — کبھی تقریر مطالب میں کسی کو سبقت

اور کوئی کھینچتا تھا دایرہ ہندسیہ — تا کہ ثابت کرے میں قبلہ کو بعلم ہیئت

عددی بحث کبھی مسئلہ کسر میں ہوئے — کبھی قرطاس پہ تحدید میں کیسی کو حجت

عام اور خاص کے جھگڑے کو کسی نے چھیڑا — نص و ظاہر میں کسی شخص نے کی اک دقت

کوئی کرتا تھا حدیثوں سے کبھی استدلال — بحثیں کرتا تھا کبھی کوئی سند میں آیت

کوئی کہتا تھا ظواہر پہ عمل واجب ہے — کوئی کہتا تھا نہیں ظاہر قرآن حجت

کوئی کہتا تھا کہ ہے امر بیان بہر وجوب — کوئی کہتا تھا کہ ہے نہی کو لازم حرمت

کوئی اجماع کو لاتا تھا سند میں اپنے — کوئی کہتا تھا کہ ثابت ہے بیان سے شہرت

تاریخ مسجد رانی بھوپال

سرکار عالیہ کہ نہیں جنکا کوئی مثل — نام اونکا تاج بیگم سر افتخار ہے
جود و عطا و فیض و مروت میں بے بدل — حاتم کے ساتھ جنکا سخا میں شمار ہے
ڈھونڈھا کرے ہزار اگر چرخ کجمدار — پاجاے انکا مثل یہ کیا اختیار ہے
خوشنودی خدا و پیمبر کے واسطے — جنکی رضا پہ دونوں جہان کا قرار ہے
ہیں والی ریاست بھوپال لاکلام — جنکی بہار روکش فصل بہار ہے
اک مسجد بزرگ بنائی ہے اجمل — بیشک یہ سجدہ گاہ صغار و کبار ہے
تاریخ کیلیے یہ صدا آئی غیب سے — اے حلم لکھدی خانہ پروردگار ہے
سنہ ۱۳۰۲

دیگر

آن کریمی کہ نام اوست بدر — والی ملک جود و فیض عمیم
مسند او را بدید چشم فلک — شد خم پیش او پی تعظیم
بدر اگر روی او بشب بیند — کاہد از شدت حیا چو سقیم

بشنود از سوی آسمان ز غیب — بلکه بود زینتش از و بس بهم

زین سبب نام او است شاه جهان — کز جهان شد از و بهشت نازو نعیم

کرد تعمیر مسجدی در دوران — نیست مقصود جز رضای کریم

فکر تاریخ آن چو کردم من — ملهمی داد این جوابم تسلیم

مشو آشفته سر ز فکر و بگو — به به مسجدی وسیع و عظیم
۱۳۰۳ھ

یہ دونوں تاریخیں جناب مولوی محمد مرزا صاحب بلگرامی کی فرمائش سے نظم کی گئیں اگرچہ
ایک تاریخ سال بنائی اور ایک تاریخ سال افتتاح کا پتا دیتی ہے

قصیده

قرآن میں خود خدا ہے ثناخوان مرتضیٰ — اعلیٰ (بالا) زمینوں و فلکوں سے ہے شان مرتضیٰ

عیسیٰ نفس ہیں کیا لب جنبان مرتضیٰ — مردوں کو جان دیتے ہیں اک دم کے لفظ سے

کیا مہر ضیا ہیں گوہر دندان مرتضیٰ — نجم فلک کی قدر نہیں ان کے سامنے

بے شک ہے جان ختم رسل جان مرتضیٰ — اگر لکھا ہے لحمک لحمی رسول نے

جن و ملک ہیں تابع فرمان مرتضیٰ — قدسی سدا ہیں غاشیہ بوسان مرتضیٰ

[illegible]

کرتے تھے آپ سیر یتیم و اسیر کو   دائم وسیع خلق پہ تھا خوانِ مرتضیٰ

~~بس صد ہزار شکر کہ رتبہ یہ ہے ہمیں   رتبہ میں ہیں زمانے میں غلامانِ مرتضیٰ~~

شیعے نجات پائیں گے دوزخ کی آگ سے   کافی ہے بس اک اشارۂ چشمانِ مرتضیٰ

بکر و عمر و ضدع کا کیا وصل ہے یہاں   بے لوث ہے عیوب سے دامانِ مرتضیٰ

باریک ہی صراط کا کیا غم ہمیں ہمیں   گذریں گے دم میں تھام کے دامانِ مرتضیٰ

ہے آرزو یہ میرے دل دردمند کی   اسباب و جان و تن ہے یہیں قربانِ مرتضیٰ

اکثر رکاب بوسی کو آتے تھے جبرئیل   کیا عزت و جلال ہے۔ قربانِ مرتضیٰ

نارِ سقر میں ان کے عدو کا مقام ہے   خلد بریں ہے جائے محبانِ مرتضیٰ

ہے علم و قدرت ان کا جاری جہان میں   جبرئیل بھی ہے طفلِ دبستانِ مرتضیٰ

سائل کو نان جو سے کیا سیر تین روز   ہر اک بشر پہ عام ہے احسانِ مرتضیٰ

آیا نبی کو حکم علی کو وصی کرو   یہ عہدہ جبرئیل ہے شایانِ مرتضیٰ +

سب سے کہا نبی نے یہ خم غدیر میں   جو میرا حکم ہے وہی فرمانِ مرتضیٰ +

مکرر

~~جو اونکا دوست ہی وہ مرا بھی حبیب ہے — طالب ہے حق کا وہ جو ہی جویان مرتضی~~

پہلا امام غیر علی کی کوئی نہیں — پیدا ہے کب جہان میں ہمشان مرتضی

منکر جو ہو فضائل حیدر کا کیا ضرر — جن وملک ہیں رتبہ شناسان مرتضی

مہر مبین کی طرح سے روئے زمین پر ہے — ظاہر ہی سب پہ رتبہ ذیشان مرتضی

گیارہ امام اور ہیں بعد اس امام کے — ہر ایک ہے گل بوستان مرتضی

اک اونمیں ہیں امام حسن دوسرے حسین — احمد کی روح ہیں تو دل وجان مرتضی

+ بعد اونکے ہیں علی و محمد امام دین — جعفر ہیں ایک عارف عرفان مرتضی

+ ہیں ایک امام موسی کاظم فلک جناب — ہیں اونکے بعد امام رضا جان مرتضی

+ شاہ جہان امام تقی ہیں شہ زمن — اور ایک ہے علی نقی سعید مہ تابان مرتضی

+ بعد انکے عسکری شہ کون و مکان ہیں — مہدی ہیں بارہویں گل بستان مرتضی

+ ہر ایک انمیں واقف احکام شرع تھے — بیشک ہیں سب مبین برہان مرتضی

اے حلم ہو یقین جانے فدا انکے نام پر — کیا کیا ہیں خوش لقب یہ جوانان مرتضی

+ خالق سے ہے دعا کہ دم احتضار بھی — لب پر ہو نام دل میں ہو دھیان مرتضی

قصیدہ

ہاں ساقیا ہے اند نوان موسم سرور کا
لا بھر کے ایک جام شراب طہور کا

عید ولادت حسن مجتبیٰ ہے آج
ہر دل لبالب ہے [کیوں] وفور نہو سرور کا

گھر مصطفیٰ کا مطلع انوار ہو گیا
سورے کو محو ہو گیا جب ابر ظہور کا

کیونکر نہو کہ مخزن نور خدا ہیں یہ [مطلع / مشرق]
جلوہ ہے انکی ذات میں خالق کے نور کا

جان نبی ہیں روح علی و بتول ہیں
در یتیم ہے یہی دریائے نور کا

میکائیل کو ہے دعوی خدمت جناب کے
جبریل ایک بندہ در ہے حضور کا

عالم ہیں یہ علوم خدائے کریم کے
ظاہر ہے انپہ راز کتاب زبور کا

بھیجو درود و آل محمد پہ دمبدم
خلد بریں میں غل ہے یہ غلمان و حور کا

ذات جناب پاک ہے ہر عیب سے بری
اس بارگہ میں دخل نہیں مکر و زور کا

مخفی نہیں ہے انپہ کوئی راز لاکلام
واقف ہے یہ معانی ما فی الصدور کا

سب پاک ہے یہ امام تھی اور خلق بھی
مخزن علوم حق کا ہے سینہ حضور کا

ہے حلم کی دعا کہ عوض اسکے یا الٰہ	فرما معاف جرم سب اس پر تقصیر کا

ایضاً سنہ ۱۳۰۹

مولد جہاں میں ہے شہ گردوں سریر کا	فرزندی جو بادشہ تیغ گیر کا

اسم شریف ہے حسن اور مجتبیٰ لقب	کتنا حسین ہے نام مرے دستگیر کا

شاہ جہاں امام امم آسماں جناب	یہ سب لقب ہے خاص شہ بے نظیر کا

زکی و الد ہے باعث خوشنودی خدا	جنت ملے اوسکو جو ہے محب اس امیر کا

حوروں سے کہہ دو ہوئیں مہیا رقص و حال	ہوگا ورود خلق میں کل کے امیر کا

مالک ہیں خلد و کوثر و تسنیم کے یہی	ہے اختیار کل شہ برنا و پیر کا

معجز نما اسرار مخزن تقی	ہے زیب انسے عرش خدائے قدیر کا

بحر سخا و نور دو عالم عاشق خدا	زہرا کی جان حبیب بشیر و نذیر کا

اسرار دان کلام الٰہی کے ہیں یہی	معنے شناس ہے یہ کتاب منیر کا

تعریف انکے عقل بشر سے محال ہے	رتبہ فزوں ہے صدقے علی کے وزیر کا

فاقے پہ فاقے کرتے تھے گو آپ روز و شب	رکھتے تھے بر خیال مفتقر و اسیر کا

خالق سے حلم کی سحر و شام ہے دعا — روضہ مجھے دکھا دے مرے دستگیر کا

سنہ ۱۳۰۹

شیعو خوشی کرو کہ یہ عید غدیر ہے — روز خلافت شہ برنا و پیر ہے

روز نزول آیۂ اکملت ہے یہی — شیعوں پہ آج رحمت رب قدیر ہے

ہاں ساقیا کہاں ہے خم عید غدیر ہے — سیراب جلد کر کہ یہ دور اخیر ہے

خواہش نہیں ہے مجھکو جہاں کے خزانہ کی — وہ مے ہو جسمیں حب علی کا خمیر ہے

ہر روز اوس امام فلک احتشام کا — معجز نما جو بادشہ قلعہ گیر ہے

منقاد حکم شاہ ہیں سب جن و انس و طیر — میرا امیر سارے جہان کا امیر ہے

مشکلکشا جو ہے شہ لولاک کا وصی — حامی ہے اور معین صغیر و کبیر ہے

منبر پہ کس شکوہ سے بیٹھے ہیں مصطفےٰ — ہاتھوں میں بازوے شہ گردوں سریر ہے

عیسے فلک پہ محو درود و سلام ہیں — اکمال دین میں صرف حبیب قدیر ہے

ہے بلبلوں کی نغمہ میں ہر دم یہی صدا — بیشک علی وصی بشیر و نذیر ہے

استادہ بادب ہیں گرد جو یار تھا — قمری بھی محو ذکر جناب امیر ہے

گل گل شگفته ہیں گل صد برگ و یاسمن — غم سے فگار قلب حسود و شریر ہے

انکا عدو ہے دشمن پیغمبر خدا — دشمن نبی کا دشمن رب قدیر ہے

بدخو ہے کینہ جو وہ معاند حضور کا — انکا محب جو ہے وہی روشن ضمیر ہے

تاریک تیغ دشمن نور الہ ہے

بھیجو درود روح پہ اوس خوش خصال کی — جو خاص سید عربی کا وزیر ہے

ہو جائے جو کہ انکی زیارت سے بہرہ یاب — کیا خوف پھر گناہ کا گرچہ کثیر ہے

ان سے ہے وصف روضۂ سرور محال ہے — عرش بریں بھی سامنے جسکے حقیر ہے

ہر کنگرہ سے اوسکے ضیا آشکار ہے — شرمندہ جسکے سامنے مہر منیر ہے

پیدا ہے اوسکے ہر در و دیوار سے یہ نور — جس سے ضیائے طور خجالت پذیر ہے

اوس سرزمیں کے سبزہ نوخیز کی بہار — گویا بچھا زمیں پہ فرش حریر ہے

گلگشت روضہ بھی ہیں سیر جناں کم — کیا خوب یہ مکان بھی جنت نظیر ہے

ملجائے جسکو ایک بھی ذرہ نجف وہاں — تزئیں بادشاہ ہو گرچہ فقیر ہے

روضہ فزا رنگ صد بہار سے زیادہ ہیں — ذات رسول پاک بس اوسکی خبیر ہے

ہر بیت ثنائے جناب امیر میں — حاصل حلاوت شکر و شہد و شیر ہے

دیکھے جو آکے بلبل سدرہ تو ہو دنگ — کیا نغمہ سنج میری قلم کی صریر ہے

حامی جو ہونگے قبر میں سلطان بحر و بر — منکر کا خوف کچھ ہے نہ خوف نکیر ہے
روز ازل سے خلد میں حصہ مرا بھی ہے

ایذا میں مومنوں کو جو ڈالے ہوئے دلیر — کیا برخلاف گردش چرخ اثیر ہے

ہر سبکو آسرا ہے اوسی بادشاہ کا — بندہ نہیں جو سارے جہاں کا امیر ہے

حلیم حزیں بھی عبد ہے اوس بارگاہ کا — شاہوں کو جسکا جانا جہاں ناگزیر ہے

مولد ہے آج خسرو عالی مقام کا — مولد ہے آج بادشہ خاص و عام کا

مقبول بارگاہ صمد ہے یہ رہنما — رتبہ ہے بیش رتبۂ اس گردوں خیام کا

توصیف انکے جن و ملک بھی ہیں محال — مدّاح خود خدا ہے امام انام کا

زلفوں کو رخ پہ دیکھ کے کہتے ہیں جن و انس — کیا خوب اجتماع ہے یاں صبح و شام کا

مہ رخ کو کیوں نہ جو بدر تو نقصاں ہے بسر — کیا پُرضیا ہے چہرۂ انور امام کا

آدم سے پہلے نور نمایاں تھا انکا — اقدم ہے سب سے وجود امام کا

خدمت کو انکے فخر سمجھتے ہیں جبرئیل — دعوی ہے ہونے غلام امام تمام کا

سو فخر اولیا تمہیں اور فخر انبیا　　دنگا جا نہیں ہے تمہارے سے نام کا

الف کا شہ کے بجرتے ہیں دم روح قدس و ظہر　　ہے صاف اسے دال تغزہ حمام کا

ہے صبح دم درود شہ آسمان جناب　　تعظیم کو اوٹھو اٹھو ہے وقت خرام کا

پہولے نہیں سماتے ہیں پہولوں میں یہ جمال　　غنچے بھی ہنستے ہیں کہ ہے موسم الام کا

کنگرنگ شنیں و شاب ہیں مسرور شاد کام　　پیدا ہوا ہے خلق ہیں دن انعام کا

اک جام بھر کے بہر ندا دے تو ساقیا　　ہیں منتظر ہیں جم کے اثر جام کا

~~کعبہ مجرہ نے آج ہے بیچ کے سے رنگ آفتاب　　ہے یہ نشان قدوم شہ عالی مقام کا~~

~~یارب تو مہینوں کے گناہوں گر بخش دے　　کر ستر جو کہ ہے اول جبرئیل روز قیام کا~~

آن کو جناب نور روز قیام کا

فرماؤ سرفراز زیارت سے حاکم کو　　ہے مدعا یہی دل ناشاد ناکام کا

الا اے ساقی پیر فلک سو ہنس دیوانہ　　نہیں بہاتا مجہی جز ذکر حیدری کو افسانہ

عطا کر جلد وہ جام لبالب اب مجہی ساقی　　کہ ہو جینیں ایسے حضرت کا اور کلاگی ...

مجہے حاجت نہیں اوس مے کی جو دنیا کی لذت ہے　　بہر ا ہوئے سر اب حب حیدر کا دل ...

بی تسلیم جھک کیوں بے ادبی آج سنا وہ | بلند آیا ہیں آگے سرو تیرا طرز دیوانہ

خزاں پامال گل کی آئی بہار گو گلستانوں میں | بیٹھیں لیں بلبلوں نے بھی قبائیں سرخ و شاہانہ

نمیں بکھرے سماں بیچ گلوں کا ہے عجب عالم | خوشی کا جوش ہے باد صبا بھری ہے مستانہ

زباں میری ہے مداح علی ابن ابی طالب | مرا دل عاشق روئے علی ہے مثل پروانہ

محبت بھی علی کی ہوں حبیب رب داور کی | چراغ و شمع کا ہونا ہے عاشق جیسے پروانہ

زمین و آسمان کے باعث ایجاد ہیں حیدر | زمیں کی وجہ سے روشن ہے عالم کا نگار خانہ

خدا کو اسقدر محبوب تھی مصطفی کی خاطر | خوشی کو رنگ بی دو رنگ سرا می کا انداز

علی پیدا ہوئے جس روز ہوئی تب کعبہ میں رونق | ہوا آباد کعبہ ہو گیا برباد بتخانہ

پھر اس سال کبھی ورے نہ اوس خوف محجے | تو ان لگ ہوئے جو لوگ تھی مخالف آواز

محب تیرا رہیں اے حلیم دنیا میں تو کامل ہے | زمانہ کی یہ گردش ہے اثر اک یکانہ

تاریخ انتقال رسنا مرحوم محمد یمیع صاحب

کیوں ہے عالم میں آج شور و فغاں | کسکے مرنے کا آج ماتم ہے

کسکے چھٹنے پہ ہے یہ نالہ و آہ | کسکے فرقت میں غم پرنم ہے

کیا ہوا کون اوٹھ گیا الیاس — جس کی گردون کی بھی کمر خم ہے

گو کہ دنیا میں مقام ثبات — اعتبار اسکا کسکو اکدم ہے

چل بسے خسروان با شوکت — نہ سکندر ہے اور نہ جم ہے

نہ وہ باقی ہے تاج فغفوری — نہ وہ اونکے علم کا پرچم ہے

گھر بنانے کی یہ نہیں ہے جگہ — اک فقط سیرگاہ عالم ہے

مال بیجا تو نہ جمع کرو — فکر انجام کی مقدم ہے

چھوڑو جھگڑے جہان فانی کے — زندگانی کا بس کوئی دم ہے

عرفا بھی اوٹھے زمانے سے — دفتر کاملیں برہم ہے

انکا دفتر تو کھولکر دیکھو — آج خالی یہ سارا عالم ہے

جسکی فرقت کا آج ہے یہ الم — وہ میرا اوستاد اعظم ہے

فارسی میں کہاں ہے مثل اونکا — اونسے دنیا میں کون اعلم ہے

ہے جدائی سے اونکی سینہ کباب — ہر سحر میری شام ماتم ہے

خواب و خور سب مجھے حرام ہوئے
ہیں جدھر بھی وہ غم و ہم ہے

ہے ہلاہل طعام میرے لئے
گویا پانی میں بھی ہلا سم ہے

لے گیا مجھ سے چھین کر استاد
کب پیر فلک بھی اظلم ہے

دوسری شعر مع مبارک کی
جسکا یہ تاریخ شور ماتم ہے

حلم نے دردمیں کہی تاریخ
ایسا کامل کہاں یہی غم ہے

مجیب ۱۳۱۹ھ

تاریخ عقد ثانی اخوی مولوی سید محمد داؤد صاحب زنگالی منعقدہ ۱۸ شوال ۱۳۲۰ھ

ہے یہ مہ عید ماہ شعبان
دور اسمیں دلوں سے رنج و غم ہیں

اے ساقی مہ لقا ادھر آ
فرقت میں ترے بڑے ستم ہیں

صہبا کا جام ادھر کو بھی دور
مشتاق بہت ہم اے صنم ہیں

اوڑھے تو ہے ہاتھ اس طرف کو
شاید مری سمت کو یہ خم ہیں

محفل سے نشاط کی نہ سرتا
احباب میں بیان لبس او رسم ہیں

دے بوسۂ لب گلے لپٹ جا
سنتا ترے ہم خدا قسم ہیں (۱۲)

اب ناز و ادا کو طاق پر رکھ
تیرے یہ کرشمے تو ستم ہیں بسنا

ہے آج شب نکاح داؤد
میرے جو حبیب باکرم ہیں

اٹھارہویں شب ہے آج کی شب — ہے ہوش کہاں ترے جنم میں
اب ہوش سنبھال چونک! اٹھ بیٹھ — گھڑیاں شب کی بہت ہی کم ہیں
ہے عقد بھی ہو چکا چلے لوگ — ہم بھی مہمان ایک دم ہیں
اچھا اک شعر مجھ سے سُن لے — جس پر کہ نثار سو درم ہیں
یکجا ہوئے آج مہ و اختر — ثانی جس کے جہاں میں کم ہیں
نکلی ہے یہ تاریخ — اس وقت کہا کسی نے ہنس کر — ماہ و خورشید تو بہم ہیں
سنہ ۱۳۲۰

دیگر برائے عقد نکاح مولوی سید محمد داؤد صاحب — ۲۰ شوال ۱۳۲۰ھ

بہنگام مسعود و تاریخ احسن — که در انبساط اند کل عالم
بعقد نکاح آمد آن بحر دانش — که فیضان علمش محیط جهان هم
حبیب و صفی من حکیم رحیم — که در ساعد و بازوی ہاتف محکم
ندارد مثیل خود اندر اماثل — که فضلش بر اقران او شد مسلّم
چو شد منقضی ہجدہ شب ز شعبان — بکمال شادی دلش گشت منظم

بم

~~بسال تاریخ فکری نمودم~~

بگوشم چو آمد ز رد این قصیده اکثرش   بسال تاریخ فکری نمودم
بصورت جلی گفت نقاد خاطر   که ای با فضل و حلم مکرم
تو آن حسن اخلاق با یار پرور   تو آن در جهان علم و حلم مجسم
بگیر از من این سلک تاریخ دیگر   بحر تفکر مکن غوص پیهم
بیا سوی فرحت سرای نکاحش   بیکجا ببین ماه و خورشید باهم

سنه ۱۳۲۰ المحب

سلام

۳ غبار پائے سلطان زمن ہے کیمیا ہمکو — زمین کربلا کی خاک ہے خاک شفا ہمکو

گل باغ محمد کی ثنا خوانی جو کی ہم نے — خطاب عندلیب گلشن احمد ملا ہمکو

ملک و دولت سے نہیں ہے کام دنیا میں — فقط کافی ہے نقد حب شبیر [illegible] ہمکو

غم شبیر میں رو کر ہوئے ہیں قابل جنت — ملے کیا خوف ہے روز عصیاں کی ہوا ہمکو

~~[illegible]~~

~~[illegible]~~

عزائے شاہ میں آنسو ٹپک کر [illegible] — [illegible] بتا ہمکو

نہ [illegible] کام ہے پیر فلک تیرا — نہیں کچھ باک کی صورت سے یہ جور و جفا ہمکو

کوئی سجادگی گر ہو بچھانا کو نے رستے میں — ترا نام و نشاں زائر ناتواں کہا ہے بتا ہمکو

جھکا کے سر جھایے رو کے قدم تھامے [illegible] — جہاں [illegible] میں غریب بے نوا ہمکو

محبت میں حسین ابن علی کے یہ خرابا ہی — کہ جنت میں جوار احمد مرسل ملا ہمکو

قطعہ

[illegible] — [illegible] ہمکو

[illegible] — [illegible] ہمکو

قطعہ

[illegible] — [illegible] ہمکو

[illegible] سلطان عالم کے — [illegible] دعا ہمکو

غزل

وہ الفت ہے مرے لب کو فغاں سے　　جو بلبل کو بہار بوستاں سے

~~کہا غم نے لگا کر آگ دل میں　　مزے ملتے ہیں بہ عشق بتاں سے~~

کفن لینا ہو گرد کارواں سے
گدا کو کام کیا ہے طیلساں سے

خیال خاطر بلبل ہے لازم　　نہ توڑے پھول کوئی بوستاں سے

جنون حسن تھے وہاں بھی نگہباں　　چھٹے تھے جب کہ یوسف کارواں سے

عدم کے بوستاں تک وہ بھی پہنچے　　جو پیچھے رہ گئے تھے کارواں سے

~~ضمیر و ذکر میرا دونوں آگئے　　وہ گھبراتے ہیں میری داستاں سے~~

نہ تھا غم خانہ بربادی کا بلبل　　خزاں کو کیا غرض تھی آشیاں سے

کہا تک بلبل کا پھنسا دل گل نہ　　کچھ اب ہنسئے ہماری بھی زباں سے

~~خارہ وصل کا کرنے گئے وہ　　نگاہوں نے کبھی طرز بیاں سے~~

نگاہ برق وش کا ہوں میں مشتاق　　گرا اک اور بجلی آسماں سے

گلستاں میں ہوا فرہاد کا غل　　دھواں اٹھا جو میرے آشیاں سے

نہ پڑ جائیں کہیں چھالے زباں میں　　ہما بچنا ہمارے استخواں سے

کہیں چھو لے نہ وحشت تیرے دامن　　صبا ہٹ جا ہمارے آشیاں سے

جگہ کیونکر نہ دوں میں غم کو دل میں　　کہ شرم آتی ہے اپنے میہماں سے

مبادا شور محشر ہو نہ برپا　　مجھے وہ منع کرتے ہیں فغاں سے

ہمارے اشک حسرت کا تلاطم
نہیں کم موجۂ آب رواں سے

کشش سے روز و شب کے عمر گذری
رواں ہوتی ہے کشتی بادباں سے

شب وصل اونسے ملنے کا زمانہ
کہیں کم تھا مری عمر رواں سے

دیگر

دل کی خواہش اور مرضی اور کچھ جلاد کی
بات رکھ لے اے خدا میرے دل ناشاد کی

ہو گئے بیخود جو ہم نے درد سے فریاد کی
جھک گئی گردن ندامت سے مرے جلاد کی

ہے لب جو پر بنا اس سرو بے بنیاد کی
نارو سیبر کر ہم نے ظلم کی ایجاد کی

خامۂ قدرت نے دونوں کو لکھا ہے بے نظیر
کسکو انکھونپر تری باقی ہے جرأت صاد کی

دھوئے منہ شبنم نے دامن کی صبا نے دی ہوا
غش ہوے یوں گل صدا سنکر مری فریاد کی

قبر مجنوں پر رہے یا مرقد فرہاد پر
کیئے گذرے کس جگہ عمر آپکی آزاد کی

بعد مرنے کے کسی نے بھی نہ ساتھ اپنا دیا
شمع کیا پھولوں نے بھی اک دن نہ فریاد کی

ہو خوشی کیسے کہ کن کن کا نہ دل جلے
ہنس پڑے گل بلبلوں نے بلکے جب فریاد کی

ہچکیاں آئیں جو کل اونکو تو فرمانے لگے
شاید اوس دل سوختہ نے آج میری یاد کی

قید میں بھی کم نہ تھا کچھ غلغلۂ گلزار سے
ضعف سے الجھے قدم زنجیر نے فریاد کی

ہاتھ اوٹھانے سے نزاکت نے جو روکا ہوا
تیغ ابرو چل گئی مجھپر مگر جلاد کی

ہم بھی ہوں مجنوں بھی ہو اور خار بھی صحرا کے ہوں ۔ خوب سے زن کاریاں ہوویں کن فرہاد کی

ہر قدم گامیں شوخیاں سو سو ہزاروں بانکپن ۔ کس غضب کی ہیں ادائیں اوس ستم ایجاد کی

پھرتی ہے حسرت یہ دیتی ہوئی ہر گام پر ۔ یہ لحد ہے قیس کی یہ قبر ہے فرہاد کی

پر وہ لیلیٰ نہ ہوتا فاش عشق قیس سے ۔ گرد رہ دیوار بنجاتی اگر فولاد کی

اے صبا کہنا جو بو تجھے وہ کبھی مرا اتیا ۔ شمع تک بھی اب نہیں ہے قبر پر اوس ناشاد کی

حلم ہم یہ جانتے ہیں اور حق بھی ہے یہی ۔ ذوق والوں کو نہیں حاجت ہے کچھ استاد کی

نوٹ میں نے کبھی غزل گوئی کا شوق نہیں کیا اور نہ مجھے کبھی اتنی فرصت ملی کہ اساتذہ کے دواوین دیکھتا اور اوس پیرایہ میں غزل کہتا مگر یہ غزلیں فقط بعض احباب کے کرنے اصرار سے نظم کی گئیں۔ میں خود معترف ہوں کہ میری طبیعت میں شاعری کا اعلیٰ ذوق نہیں ہے لیکن مقصود بالسلام بانجز محض شوق تھا یا کبھی کسی کے اصرار سے نظم کیں گئی ہیں۔ اپنے کلام پر ناز نہیں ہے فقط یادگار کے واسطے اس مجموعہ میں جمع کر دی گئی ہیں۔ محمد ہارون

توحیدی رباعی

لالہ کے جگر مین داغ تیرا پایا   دست مہ مین ایاغ تیرا پایا
ہر رنگ مین دیکھی تری صنعت کی نمود   لیکن نہ کہین سراغ تیرا پایا

~~زلف سنبل مین گرہ پھولون مین بو کھنے دی   باغ مین سرو کو آزادی کی خو کرنے دی~~
~~ہم نے ہنین اس باغ مین روپوش کوئی   بلبل ... جستجو کرنے دی~~
پھر عنادل

انجم مین چمک ماہ مین کیون پرتو ہے   خورشید درخشان مین یہ کسکی ضو ہے
اس بزم مین آئے جلوہ غیر کوئی اگر   کس سے پھر شمع کو لگی یہ لو ہے

رباعی تاریخ دہم ذی قعدہ ۱۳۲۰ھ

بے خار کہ دیدہ ست گلے در بستان   بے داغ کہ دید لالہ در باغ جہان
دنیا بارہ و نیش و نوش ست بہم   گاہے گریان زرد و گاہے خندان

دیگر

بے رنج کرا دولت جاویدان است   بے طیش کجا عیش پے انسان است
ہم خار دہد زمانہ ہم دستہ گل   در دست زیک سوزیکے درمان است

دیگر

بے عیب کلفت کہ دید ماہ تابان   شگفتہ گشتہ بباغ از جور خزان
باش اے دل و فکر کن بکار عالم   ... خوش است ہمہ در زیر ستر پنہان

فارسی قصائد

۱ ــ بابت مدرسہ ناظمیہ شارع الرابع لکھنؤ

هوای صورتِ زیبای مہ سیما بسر دارم — نگاہِ انتظارِ خیر مقدم سوی در دارم

بزخم ناخنِ شناعتِ ینِ غم درد جگر دارم — ز جورِ چرخِ سفلہ احوالم بتر دارم

گہی ناکامی از مطلوب و گہ محرومی از مقصد — ز سو نقشہ برگشتہ خالی در نظر دارم

عنانِ صبر از دستم ربود این توسنِ نفسم — نہ یارای قرار و نہ رہی بہر مفر دارم

برفت ای وای کارِ دین و دنیا از دو دستم — سرشک ناب میریزم بخونم چشم تر دارم

چنان شوریدہ سر گردم خیالِ روح جان پرور — نہ از سر آگہی دارم نہ از پایم خبر دارم

ز آہِ فتنہ انگیزم گرفت آتش بدامانش — کہ ہنگامِ سحرہا نالہ ہای با اثر دارم

سہامِ دورِ دوار فلک بر سینہ ام دوزد — کہ از مہرِ مبین در دستِ لرزانم سپر دارم

نہ مثلِ اہلِ دانشِ آلم خشک و تر دارم — شنا و طبع دارم و ز ہمہ عقل ابتر دارم

صلاحِ کار از اعیانِ خود مامول کی باشد — ز چوبِ بیدِ مجنون کی بجای برگ و بر دارم

کشیدہ دامنِ عصمت دریدہ جامہ الفت — جدا از اہلِ عالم طور و عنوانی دگر دارم

ز ترک و تازِ ہر چرخِ گردون کشتِ ہستی — چو گلہا از خزان پژمردہ افسردہ تر دارم

سرای عالمِ امکان نہ جای اہلِ دل باشد — از ین دارِ فنا سوی بقا عزمِ سفر دارم

عنادل در گلستانہا بشاخِ لالہ حمرا — من بیدل بصحرا نالہ و دودِ دل تر دارم

خیالم تا بجد لامکان نگذشت در شبها | همای تیز پر دارم ولی بی بال و پر دارم
بزنهار امام معتمد ایم آمدم اینک | نه خوف و بر دون دارم نه از گردون خطر دارم
ثنای آل احمد از ازل در طبع من باشد | نهان گنجینهٔ معنی چو کان سیم و زر دارم
فلک در دست از مهر مبین شمعی اگر دارد | من از حب علی در دل فروزان تر قمر دارم
الا ای ساقی صهبا بده آنکو دگر دارم | ثنای مشرع شرع نبی پیش نظر دارم مطلع
ثوابت در دغ حیران و سیارات سرگردان | بمدحش انکه زان دامان فطرت پر گهر دارم
بهای نظم من در وصف ممدوحش رضا باشد | متاعی در رهش بس مسلک یاقوت و دُر دارم
طواف حول آن گردون گردان روز و شب دارد | دو شاهد از پی اثبات آن شمس و قمر دارم
غبار پای بحجم آسمان زند و تقوی را | پی فخرم بچشم حق نگر کحل البصر دارم
پی او جامع جهل و دد و نادانی و دانشور | طبیبی کاملی و ذی رتبه و علم و هنر دارم
دعای دولت و اقبال دائم از پی بانی | ز خلاق زمین و آسمان شام و سحر دارم

قصیده ۲ سنه ۱۳۱۶

ای خوش است می ساغر چشم بیمار | که ندارد خبری از دو جهان غیر از یار
بار غم میکشد و درد و الم می بیند | لیک غافل نبود از صنمش لیل و نهار
گاه جور فلک و گه ستم اهل جهان | گاه از صرصر اندوه چو سوسن رخسار
گاه از هجر بتش گریه کنان صورت ابر | گه با مید ملاقاتش چو صد برگ و هزار

گه بجمعیت و گه با خفقان و سرسامست　　گه بتدبیر لقایش همه تن در افکار

گاه در دشت و جبل صورت دیوانه رود　　گاه فرزانه قدم می‌نهد اندر گلزار

همچو فرهاد بسر تیشهٔ آهن نزند　　همچو مجنون ز جنون می‌نزند در کهسار

غیر زلف و خم ابرو و در دندانش　　کار با سبحه ندارد نه به دیر و زنار

انتظار و طلب و فکر و تمنا و امید　　بهر تسکین خودش این همه دارد بکنار

گاه خاموش ز غمها و گهی یاد حبیب　　گاه با هوش از آن باشد و گه مست خمار

یعنی ... مصرع اول مطلع ... [illegible]

گفتمش ای مایهٔ دانش تو چه سودا داری　　که نه با سبحه و آه و فغان باشد کار

کیست آن مهر جمالت که با امید لقایش　　سوسنی جامه به تن داری و چشمی خونبار

بگذر از یاد گلی کز صفت گل خالیست　　هان برو از سر آن دل ز وصالش بردار

آنکه گفتم نگه خشم بمن کرد و بگفت　　تو ندانی که مرا کیست حبیب و دلدار

مشک بو سیمتن و گوهر یکتای جمال　　مهروش ماه جبین آینه رخ گل رخسار

خسرو ملک ولا قیصر ملک ایمان　　شاه اقلیم هدا مالک دیهیم وقار

شمع بزم عرفا مردم چشم علما　　بلبل نغمه‌سرا رشک ده موسیقار

گفتمش آنچه تو گفتی همه مجمل گفتی　　رسم مجهول بمجهول نشاید در کار

گفت ای بوالهوس آن اختر بابان وقار　　مونس قلب حزین موجب تسکین و قرار

علم فقه اوست و اصول و ادب و منقولات　　نسبت دیده به علم حدیث و اخبار

بعد ترکیب شود رشک ده لیلی قیس | نعل بالش بی حوران (جنیان) تاج وقار
